دار العلوم کے شب و روز



مولانا مفتی محمود صاحب کی آمد

۱۵ دسمبر ــ پاکستان قومی اتحاد کے صدر اور جمعیۃ العلماء اسلام کے رہنما مولانا مفتی محمود صاحب تقریباً ۳ ماہ سی ایم ایچ راولپنڈی میں زیر علاج رہنے کے بعد آج شام دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک پہنچے اٹک پل پر مولانا سمیع الحق صاحب نے علاقہ کے معززین کے ساتھ ان کا استقبال کیا مولانا مدظلہ نے یہاں پہنچ کر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی عیادت کیلئے گھر تشریف لے گئے گھنٹہ بھر ان کے ساتھ رہے، آپ نے رات کا عشائیہ میاں حضرات شاہ صاحب کے گھر کھایا جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی نماز عشاء کے بعد دار الحدیث ہال میں جو طلبہ علماء اساتذہ اور معززین سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ حضرت مفتی صاحب نے اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلہ میں اقدامات اور اسلامی حدود تعزیرات کے موضوع پر ڈیڑھ گھنٹہ تک نہایت عالمانہ خطاب فرمایا۔

۱۶ دسمبر ــ مولانا مفتی محمود صاحب نے جناب الحاج شیر افضل خان بدرشی رکن دار العلوم کی عیادت کی اس کے بعد جناب ایڈیٹر الحق بھی آپ کے ساتھ سابق گورنر جناب ارباب سکندر خان خلیل کے ہاں تہکال بالا گئے اور ان کی والدہ مرحومہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔ مولانا مفتی محمود صاحب نے خیبر ہسپتال پشاور میں دار العلوم حقانیہ کے زیر علاج بزرگ استاد مولانا محمد علی صاحب سواتی مدظلہ کی عیادت بھی فرمائی اور کچھ دیر ان کے ساتھ رہے۔ مولانا محمد علی صاحب عارضۂ قلب کی وجہ سے اس ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

۱۷ دسمبر ــ ناظم کتب خانہ دار العلوم مولانا گل رحمان صاحب سفر حج و زیارت سے بخیریت واپس تشریف لائے۔

۲۵ دسمبر ــ مولانا سمیع الحق صاحب نے پشاور میں مولانا محمد ایوب جان بنوری کے برادر محترم جناب یعقوب جان بادشاہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

۲۹ دسمبر ــ رکن اسلامی مشاورتی کونسل مولانا محمد تقی عثمانی صاحب دار العلوم تشریف لائے۔